اَلفاظ ومعانی: اَز کتاب حُجّۃُ الِاسلام

(تصنیف حضرت مسیح موعود علیہ السّلام روحانی خزائن جلد :6)

قَدْ اَفْلَحَ مَنْ زَکّٰھَا ۔ یقیناًمُرادکوپہنچا(کامیاب ہوگیا)وہ جس نے پاک کیااِس (نفس) کو(**صفحہ نمبر:42**) **دعویٰ کرنا:** اپنے آپ کوکسی چیز کا مالِک بتانا۔ **مَعرِفت:** پہچان، خداشناسی۔ **قائل ہونا:** مان لینا،تسلیم کرلینا۔ **بَجُز:** سِوائے۔ **مُکالمہ:** گفتگو،ہم کلامی۔ **مُیَسَّر آنا:** حاصِل ہونا،آسانی سے حاصِل ہونا۔ **اَنَاالْمَوجود:** مَیں قائم/ برقرارہوں۔ **بِشارت:** خوشخبری۔ **قِیاسی:** خیالی،اَندازہ سے۔ **ڈھکوسلا:** بےہودہ،فُضول،بےمعنٰی۔ **مَحض:** صرف۔ **منقولی:** سُنی سُنائی/نقل کی گئی۔ **جَلَّ شانُہٗ:** اس کی عظمت اوربڑی شان ہے۔ **علامت:** نِشان۔ **اِلہام:** خُداکادل میں ڈالاہواخیال/ بات،اَلقاء۔ **قادِر:** قدرت والا،غالِب۔ **نَجات:** رِہائی،آزادی،چُھٹکارا۔ **مَسْئَلَہ:** سوال۔ **مُتَنَبَّہ:** خبردار/ آگاہ کرنا۔

(**صفحہ نمبر:43**) **مَرتبہ:** دَرَجہ،مَنصَب۔ **مُقرَّب:** قریب کیا گیا،خاص دوست۔ **جَلال:** شان وشَوکت،رُعب،عظمت۔ **تجلّی:** جلوہ/ جھلک دِکھانا،ظاہِر ہونا۔ **وُقوع میں آنا:** واقع ہونا،ظاہِرہونا۔ **مُحَدِّث:** بات/خبربَیان کرنے والا(**مُحْدَث:** دین میں نئی بات کرنے والا)۔ **راست باز:** سچّا،اِیماندار۔ **حَقِّیَّت:** حق ہونا، مِلکِیَّت ہونا۔ **حَقّانِیَّت:** سچائی،خداکی طَرف منسوب کرنا۔ **ہم کلام:** مِل کر/ آپَس میں بات کرنے والا۔ **مَقبول:** پسندیدہ،پِیارا،قَبوِل کیا گیا۔ **بےنصیب:** محروم، بازرکھا گیا۔ **بُطلان:** باطِل ہونا،ردّ ہونا۔ **سُوجاکھا:** دیکھنے والا۔

(**صفحہ نمبر:44**) **واضح:** ظاہِر،جسےبَیان کرنے کی ضرورت نہ ہو۔ **مُندَرِجُ الْعُنوان:** آغاز میں لکھا گیا۔ **غَرَض:** اِرادہ،مقصد،ضرورت۔ **دھمکی دی:** ڈرایا۔ **منہ پھیرلینا:** بھاگنا۔ **شِکستِ فاش:** ایسی ہارجس میں کسی کوشک نہ ہو،بھاری شِکست۔ **اِستِحقاق:** حق مانگنا۔ **دَم مارنا:** بولنا،دعویٰ کرنا۔ **عاجِز:** کمزور(کَلِمہٗ اِنکساری جومُخاطِب اپنے لیے اِستِعمال کرے)۔ **مامور ہونا:** مُقرَّر رہونا۔ **بِلاتَوَقُّف:** بغیروقفہ/ دیرکیے۔ **عَین مُراد:** اَصل مقصد،اَصل خواہش۔ **حق وباطِل:** سچّ اورجھوٹ۔ **کِفایَت کرنا:** کافی ہونا۔ **سفیر:** قاصِد،پیغام پہنچانے/ دینے والا۔

(**صفحہ نمبر:45**) **مُباحَثہ:** سوال وجواب،بحث۔ **تجویز کرنا:** مُقرَّرکرنا،فیصلہ کرنا۔ **مجاز ہونا:** اِختیار رہونا،اِجازت ہونا۔ **عقیدہ:** دل میں بیٹھاہوااِیمان ویقین۔ **اُلُوہِیَّت:** خدائی۔ **مُنَجّی:** نَجات دینے والا۔ **اِعتِراض:** مُخالِفت،نکتہ چینی۔ **بےجا:** نامُناسِب،ناحق،بےمَوقع۔ **مُسلَّم:** تسلیم کیا گیا،مانا ہوا،دُرُست۔

(**صفحہ نمبر:46**) **مَراتِب:** منصَب،عہدہ،دَرَجہ۔ **اَخویم:** برادرم۔ **فُلاں:** غیرمعلوم شخص یاچیزجوذہن میں ہومگرنام نہ لیاجائے۔ **شِکست ہونا:** ہارجانا۔ **معقولی:** ایساعِلم جوعقل ودلائل سے جائزاورناجائزمیں فرق کرسکے۔ **گو:** اگرچہ،کتناہی،کیساہی۔ **غالِب آنا:** جیت جانا۔ **قائل نہ ہونا:** اپناقصور/ ہارماننا۔ **مغلوب ہونا:** ہارجانا۔ **شمشیر:** تلوار۔ **اِزدِواج:** نِکاح کرنا(**اَزواج:** بیویاں،شوہراوربیوی)۔ **بِہشت:** جنّت۔ **سبقت کرنا:** پہل/ اِبتِداکرنا۔ **راہِب:** عیسائی عابِد،دنیاسے الگ ہوجانے والا۔

(**صفحہ نمبر:47**) **نَوبت:** حالت۔ **فضیلت:** بڑائی،عمدَگی،کمال۔ **ردّ کرنا:** انکارکرنا،واپَس کرنا۔ **مُبتَلاہونا:** پھنساہونا۔ **راست باز:** سچّا،ایماندار۔ **دیدارکرنا:** ملنا،ملاقات/ زِیارت کرنا۔ **سعادت:** خوش نصیبی،بھلائی۔ **سَراسَر:** بِالکل۔ **مبنی:** بنیاد،اِنحِصار۔ **مُعْجِزَہ:** وہ کام جوانسانی طاقت سے باہَر ہو،وہ انہونی بات جونبی سے ظاہِر ہو۔ **مَحمول:** گمان کیا گیا۔ **قراردینا:** مُقرَّرکرنا۔

(**صفحہ نمبر:48**) **صَلاح:** مشورہ۔ **مُباہلہ:** ایک دوسرے کےحق میں بددعا کرنا۔ **تائید:** مدد،طاقت،مضبوطی۔ **ظُہور:** ظاہِر ہونا۔ **میعاد:** مُقررہ وقت۔ **بَکُلّی:** مکمل طَورپر، بِالکل۔ **خارِق نِشان:** معجِزہ۔ **اِلتماس:** گزارِش،درخواست۔ **قطعی:** آخری۔ **طَمَعِ خام:** ایسی خواہش جس کاپوراہوناممکِن نہ ہو۔ **صِدق:** سچّ۔ **کِذْب:** جھوٹ۔

(**صفحہ نمبر:49**) **چنداں:** بہُت زیادہ،اِس قدر۔ **مُتَذَکَّرہ بالا:** اوپرذِکرکیا گیا۔ **دَجل:** جھوٹ،دھوکا۔ **راقِم:** لکھنے والا۔ **اپنےتئیں:** اپنا آپ۔ **لائق:** قابِل۔ **بِلاتفاوُت:** بغیرفرق کے۔ **مُرسَل:** اللہ کی طَرف سے بھیجاہوا۔ **برگُزیدہ:** منتخَب/ چُناہوا(**گزیدہ:** ڈَساہوا)۔ **مُتابَعَت:** پیروی،اِطاعت۔ **حربہ:** لڑائی کاہتھیار۔ **پاش پاش کرنا:** ٹکڑے ٹکڑے کرنا۔ **یَکْسِرُالصَّلِیْبَ:** وہ صلیب کوتوڑے گا۔ **مِصداق:** وہ چیز جوکسی کی سچّائی ثابت کرے۔

(**صفحہ نمبر:50**) **عاجز آنا:** مایوس ہونا۔ **عاجِز رہنا:** بے بس/ مایوس ہونا۔ **گُریز کرنا:** بھاگنا، پرہیز کرنا۔ **صریح:** صاف، عَلانیہ۔ **مُتصوَّر:** سوچا ہوا۔ **نِشان نُمائی:**
نِشان دِکھانا۔ **اَمُر:** مُعامَلَہ، کام، تعلُّق۔ **رُوبَرو:** آمنے سامنے۔ **رائے:** عقل، خَیال، تجویز۔

(**صفحہ نمبر:51**) **تخلُّفِ وعدہ:** وعدہ خِلافی۔ **بِلا تحقیق:** بغیر حقیقت بغیر سچّائی معلوم کیے۔ **کاذِب:** جھوٹا۔ **وعدہ شِکَن:** وعدہ توڑنے والا۔ **پاس نہ کرنا:** لحاظ نہ کرنا۔
تالیف کرنا: دو چیزوں کو جمع کرنا، ترتیب دینا، کِتاب مُرتَّب کرنا۔ **مُطَّلع کرنا:** اِطّلاع دینا، خبردار کرنا، آگاہ کرنا۔ **تکمیل:** پورا، مکمل، خَتم۔ **ناچار:** مجبوراً۔

(**صفحہ نمبر:52**) **مَوصوف:** تعریف کیا گیا، ذُکر کیا گیا۔ **قَوُلَہ':** اُس کا قول۔ **اَقُول:** مَیں کہتا ہوں۔ **قدیم:** پُرانا۔ **جدید:** نیا۔ **حاجت:** ضرورت۔
اِستِطاعَت: طاقت۔ **صاحِبِ مَن:** میرے دوست۔ **ہریَک:** ہرایک۔ **طُولِ کلام:** لمبی بات۔ **دریافت کرنا:** پوچھنا۔ **بَہر کَیف:** ہر طریقہ سے، ہر حالت میں۔
آمادہ: تیّار۔ **فرضِ عَین:** ضروری فرض، بَہُت ضروری کام۔ **مقولہ:** بات، وہ جملہ جو مِثال کے طَور پر بَیان کیا جائے۔ **فقرہ:** جملہ، عِبارت کا ٹکڑا۔

(**صفحہ نمبر:53**) **مُوافِق:** مُطابِق۔ **دارُالنَّجات:** گناہوں سے بچنے کا گھر۔ **مُستَعِد تیّار**، کمربستہ، آمادہ۔ **نُکتہ چینی:** بُرائی نکالنا۔ **مُعتَبَر:** اِعتِبار کیا گیا، بھروسہ کے قابِل۔
وارِد ہونا: پہنچنا، پیش آنا۔ **مِیعاد:** مُقرَّرہ/ وعدہ کا وقت۔ **نظیر:** مِثال۔ **بَہر حال:** ہر حال میں۔ **بَرَس:** سال۔ **خارِقِ عادت:** قُدرَتی اُصول کو توڑ دینے والا۔
تاوان: جُرمانہ۔ **حوالہ:** سپرد، سونپنا۔ **شِق:** حصّہ، قِسم ٹکڑا۔ **قہری نِشان:** غصّہ، خدا کی ناراضگی/ عذاب کا نشان۔

(**صفحہ نمبر:54**) **مجاز ہونا:** اِختِیار ہونا۔ **مطبوعہ:** چھپا ہوا۔ **بقَید:** پابندی/ شرط کے ساتھ۔ **ثبت کرنا:** دَستخط کرنا، مُہر لگانا۔ **مَنشاء:** مقصد، اِرادہ۔ **تَوَقُّف**: دیر۔
قَوی: مضبوط، طاقت وَر۔ **قدم مارنا:** کوشِش کرنا، دَوڑ دھوپ کرنا۔ **جواں مردی:** بہادُری۔ **تحدِّی:** للکار، دھمکی، دعویٰ کرنے والا۔ **مُصَدِّق:** تصدیق کرنے والا،
ثُبوت دینے والا۔ **مِن جانِبِ اللہ:** اللہ کی طَرف سے۔ **بالاتر:** بُلند، اِختِیار سے باہَر۔

(**صفحہ نمبر:55**) **مُلہَم:** اِلہام کیا گیا (**مُلہِم:** اِلہام کرنے والا)۔ **مُفصَّل:** تفصیل کے ساتھ، کھول کر بَیان کیا گیا۔ **مُجَرَّیَہ:** دستخط کے ساتھ جاری کرنا۔ **دست بردار ہونا:**
چھوڑ دینا، باز آنا۔

(**صفحہ نمبر:56**) **قَطعی:** یقینی۔ **ظنِّ غالب** یقینی رائے۔ **تحدِّی:** لڑائی، بحث۔ **مُنکِر:** اِنکار کرنے والا۔ **اِتمامِ حُجَّت کرنا:** فیصلہ کرنا، جھگڑا ختم کرنا، مُعامَلَہ طے کرنا۔
ردّ: انکار۔ **بُروئے تعلیم:** تعلیم کے مطابِق۔ **بَسَر و چَشم:** بڑی خوشی سے، دل و جان سے۔ **مَرقومہ:** لکھا ہوا۔

(**صفحہ نمبر:57**) **حیاتِ اَبَدی:** ہمیشہ کی زندگی۔ **خاصیّت:** صفت، خوبی۔ **ظلمت:** اندھیرا۔ **نور:** روشنی۔ **شَرَفِ مُکالَمہ:** آپَس میں بات کرنے کا فخر، اِجازت۔
حُجَّت: دلیل۔

(**صفحہ نمبر:58**) **اَکُفَر:** سب سے زیادہ/ سخت کافِر۔ **بَلا:** مصیبت، آزمائش۔ **بمُوجِب:** وجہ سے۔ **نَص:** قرآن کا قَطعی واضح حُکم۔ **مُتواتِر:** لگاتار، مسلسل، ایک کے
بعد ایک۔ **بِناء:** وجہ سے، بنیاد۔ **مَوعود:** وعدہ دیا گیا۔ **اِفتِراء:** جھوٹا اِلزام۔ **رگر دہونا:** پیچھے پڑنا۔ **مُلتَجی:** اِلتجا/ گُزارِش کرنے والا۔ **گرداب:** پانی کا چکّر، بھنور۔

(**صفحہ نمبر:59**) **جانبر ہونا:** محفوظ ہونا، مرتے مرتے بچنا۔ **مُحال:** ناممکن۔ **فیض مَآب:** (کَلِمۂ تعظیم یعنی عزّت کے لیے) ایسا وُجود جس سے صرف نیکی/ بھلائی/ فائدہ ملے۔
مُجَدِّد: پُرانے کو نیا کرنے والا۔ **فاضِل:** علم میں بڑھا ہوا، دانا۔ **فاضِلِ اَجَل:** بَہُت بڑا فاضِل۔ **حامی:** مددگار۔ **شوروشَر:** فتنہ، فساد، ہنگامہ، لڑائی۔ **معرِفت:** ذریعہ۔
خطِ ھٰذا: اِس خط۔ **مُلاحَظہ:** دیکھنا، غور کرنا۔ **زوروشور:** جوش و خروش۔ **تحقیق:** سچّ اور جھوٹ کا پتا لگانا۔ **مُلتَمِس:** اِلتماس/ درخواست/ گُزارِش کرنے والا۔ **دھبّہ آنا:**
اِلزام لگنا، عیب لگنا۔ **فقط:** صرف، بس، ختم۔ **آں:** وہ۔ **جناب:** صاحِب، آپ، حُضور، حضرت۔ **آں جناب:** جنابِ والا (کَلِمۂ تعظیم یعنی عزّت کے لیے)۔

(**صفحہ نمبر:60**) **جُملہ شُرَکاء:** سب شامِل ہونے والے، سب ساتھی۔ **جنابِ مَن:** میرے حُضور (کَلِمۂ تعظیم یعنی عزّت کے لیے)۔ **چرچا:** تذکرہ، گفتگو، بحث۔
حرُف لانا: اِلزام لگانا۔ **مُبالَغہ:** بات کا بڑھا کر بَیان کرنا، حد سے بڑھنا۔ **اَزحد:** بَہُت زیادہ، بے حد۔ **لِھٰذا:** اِس لیے۔ **رقیمۂ ھٰذا:** اِس خط/ چِٹّھی۔ **دانست
میں:** سمجھ میں۔ **باہَمی تنازَعہ:** آپَس کا جھگڑا/ ناراضگی/ دشمنی۔ **فیصل کرنا:** جھگڑا ختم کرنا۔ **ثابِت ہونا:** ثُبوت مِلنا، تحقیق ہونا۔ **اِلتماس:** درخواست
، گُزارِش۔ **مصلَحَت کرنا:** اچھا مشورہ/ مُناسِب تجویز کرنا۔ **اُمورات:** مُعامَلات۔ **مذکورہ بالا:** اوپر دیے گئے۔ **رُوسے:** وجہ سے۔ **درپئے ہونا:** چاہنا،

خواہش مند ہونا۔ **دیگر**:اور، دوسرا۔ **اَسپِ کلام**: گفتگو کا گھوڑا۔ **جَولانی دینا**: تیزی یا جوش میں آنا، شور مچانا۔ **وقتِ مُنادیٰ پر**: پُکارے گئے وقت پر۔
حُجّت: بحث، تکرار۔ **بے بُنیاد**:غلَط ،جس میں سچّائی نہ ہو۔ **لاحاصِل**: بے فائدہ۔ **ازراہِ مہربانی**: مہربانی کی نظر/طریق سے۔ **عِنایت کرنا**: عطا کرنا، دینا۔

(صفحہ نمبر:61) **بابَت**:مُتعلّق۔ **معقول**:مُناسِب ،ٹھیک۔ **بعد ماوَجَب**:فرض/ لازِم ہونے کے بعد (یعنی خط کا جواب دینا لازِم ہے)۔ **اِتّفاقِ رائے ہونا**: رَضامند ہونا۔
کیفیت: حالت۔ **عداوت**: دُشمنی۔ **عافیّت**: اَمن ،سُکون۔ **آسودگی**: آرام۔ **خَلَل**: خرابی۔ **قصّہ**: کہانی۔

(صفحہ نمبر:62) **اِحتِمال**: شک۔ **مُناظَرہ**: بحث، کسی چیز یا بات کی حقیقت معلوم کرنے کے لیے آپس میں مل کر سوچنا۔ **دَروغ گو**: جھوٹا۔ **فقط لازِمی**: صرف اپنے لیے۔
مُتَعَدّی: دوسروں کے لیے (بھی)۔ **تجویز کرنا**: فیصلہ کرنا۔ **مَعَہٗ**: اُس کے ساتھ۔ **لاف گزاف**: بیہودہ/ فُضول گفتگو، تعلّی، شیخی۔ **صاحِبِ خوارِق**: جس میں مُعجِزہ/
کَرامت دِکھانے کی طاقت ہو۔ **اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ وَالْمِنَّۃ**: سب تعریف اور احسان اللہ کا ہے۔ **حسبِ مَراتِب**: رُتبہ اور دَرَجہ کے مطابِق۔ **اِستِعداد**: قابِلیّت، قُدرَتی صلاحیّت۔

(صفحہ نمبر:63) **پرکھ لینا**: پہچان لینا۔ **مقصود**: مُراد، غَرَض۔ **مدِّ نظر**: پیشِ نظر، جو نظر کے سامنے ہو۔ **مَوْقوف**: اِنحِصار، وقف۔ **تنزُّل**: کمی۔ **مُدَّتِ دراز**: لمبا عرصہ،
دیر سے۔ **بہ تمام تر**: مکمل طَور پر۔ **اِعتِراض**: مُخالِفت، نکتہ چینی۔ **پیرایہ**: طرز، طریقہ۔ **مورِدِ اِعتِراض**: مُخالِفت/ عیب آنا۔ **تنقیح**: تحقیق کرنا، جھگڑا کا فیصلہ کرنا۔

(صفحہ نمبر:64) **مجمع**: مجلِس۔ **وارِد ہونا**: آنا، پہنچنا۔ **شاد**: خوش۔ **لائق وفائق**: قابِل، دانا، اعلیٰ، معزّز۔ **قاصِر**: مجبور۔ **تسلیم**: قَبول۔ **عُذر**: بہانہ، اِنکار۔
عَینِ خوشی: بہُت خوشی۔ **روشن ضمیر ہونا**: عقل مند، صاحِبِ فِراست وبصیرت ہونا۔ **صاحِبِ کارآزمودہ**: تجرِبہ کار۔ **مخفی**: چُھپا ہوا۔ **مُشْفِق**: مہربان، مَحبّت کرنے والا۔

(صفحہ نمبر:65) **مُنْتَخَب**. چُنا ہوا (مُنتَخِب: چُننے والا)۔ **آفتاب**: سورج۔ **طُلوع ہونا**: نِکلنا، بُلند ہونا۔ **پوشیدہ**: چھپا ہوا۔ **شعاع**: روشنی، چمک، کِرن۔
تقریب: موقع محل، سبب، وجہ۔ **نامی فاضِل**: مشہور عالِم/ دانا۔ **دانِست**: سمجھ، عِلم۔ **تصوُّر کرنا**: خَیال کرنا۔ **مُکلِّف**: تقریب میں شریک ہونے کی تکلیف دینے والا،
بُلانے والا۔ **اَمرِ مطلوب**: مُعامَلہ کی خواہش۔ **قصّہ طے ہونا**: جھگڑا ختم ہونا۔ **اِمتِیازی**: فَوقیّت دینے والا، ترجیحی۔

(صفحہ نمبر:66) **رفتہ رفتہ**: آہِستہ آہِستہ۔ **روشن ضمیری**: فِراست، دانائی، عِرفان۔ **تأثیر**: نِشان، خاصیّت، صفَت۔ **تصفِیَہ ہونا**: فیصلہ ہونا۔ **آزمائش**: تجرِبہ۔
مَعیَّت: ہمراہی، ساتھ۔ **سِفارت**: سفیر کا عُہدہ۔

(صفحہ نمبر:67) **مُعاوِن**: مددگار۔ **ناطِق**: اَٹل، پکّا۔ **تقرُّر**: مُقرّر کرنا۔ **مُنقَسَم**: تقسیم شدہ، بانٹا ہوا (مُنقَسِم: تقسیم ہونے والا)۔ **مَوْسومہ**: نام رکھی گئی۔

(صفحہ نمبر:68) **بِلا**: بغیر۔ **مُبادَلہ**: آپَس میں اَدلنا بدلنا۔ **جبر**: زبردستی، ظُلم، زور۔ **قدر**: حُکمِ الٰہی، تقدیر۔ **بِالجبر**: زبردستی سے۔ **مُفصَّلہ ذَیل**: جن کی تفصیل
نیچے بَیان کی گئی۔ **گُریز کرنا**: پرہیز کرنا، بھاگنا۔ **کُنِندگان**: کرنے والے۔ **ثبت کرنا**: درج کرنا، لکھنا، مُہر لگانا۔

(صفحہ نمبر:69) **عِلّتِ غائی**: فائدہ۔ **سالہائے دراز**: کئی سالوں سے۔ **ماحَصَل**: نتیجہ۔ **لاجواب**: خاموش، جھوٹا، مغلوب۔ **تحصیل حاصِل**: لاحاصِل، بےکار، بے نتیجہ۔

(صفحہ نمبر:70) **نابود شدہ**: فنا/ گم شدہ۔ **اَنسَب**: زیادہ مُناسِب۔ **رُسوائی**: بدنامی، بےعزّتی۔ **مورِدِ غضبِ الٰہی**: وہ شخص جس پر اللہ کا غصّہ/ مصیبت/ عذاب آئے۔